سوال

بیماری کے سبب گھر میں نماز

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ!

کیا ایسا مریض جس سے چلا نہ جاتا ہو وہ نمازِ جمعہ اپنے گھر ادا کرسکتا ہے اور وہ باقی تمام نمازیں بھی اپنے گھر میں ہی پڑھتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بیماری ایک عذر ہے، اگر وہ واقعی اتنا شدید بیمار ہے کہ مسجد نہیں جاسکتا یا اسے لے جانے والا کوئی نہیں ہے تو مجبوری کی حالت میں وہ گھر میں بھی نماز پڑھ سکتا ہے۔ کیونکہ ارشاد باری تعالی ہے۔

لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ... ٢٨٦ سورة البقرة

اللہ تعالی کسی جان کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے۔

لیکن جوں ہی اس کی طبیعت بحال ہوجائے یا اسے مسجد میں لے جانے والا کوئی مل جائے تو اسے مسجد میں ہی جانا چاہئے۔ کیونکہ نبی کریم ﷺ نے سیدنا عبد اللہ بن ام مکتوم نابینا صحابی کو گھر میں نماز کی اجازت نہیں دی تھی۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ